دیگر کیفیات میں بدرجہ ہا بلند ہوتا ہے۔

(۵) پانچویں ترتیب صوتی وسائل وابلاغ: ریڈیو، ٹی وی کیلئے کیسٹس ماہرین کے تعاون سے چالیس اسباق کو عصر حاضر کی ضروریات کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔ ریڈیو اور ٹی وی کیلئے اس کے تجربات ہو رہے ہیں

اس میں کوئی شک نہیں فروغ عربی ومطالعہ قرآن کے حوالہ سے یہ اہم ترین کوشش وکاوش ہے اس کتاب کو ہر تعلیمی ادارہ میں ہونا چاہئے اور ہر مسلمان کو اس سے استفادہ کرنا چاہئے علامہ کی صاحبزادی لبنیٰ فروغ صاحبہ کی خدمات بھی قابل قدر ہیں

کتاب کا نام : قانونچہ خلیلیہ

(المشتمل علی مسائل الصر فیہ و ابواب الصرف)

مصنف : زرخلیل خان

ناشر پرنٹر : مہتاب پرنٹنگ پریس بہاولپور ۲۰۰۳ء

قیمت وصفحات : قیمت ۱۵۰ روپے ۵۱۲ صفحات

جناب زرخلیل خان صاحب جو کہ علمی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں آپ نے پشاور یونیورسٹی سے ایم اے عربی واسلامیات کیا اور گولڈ میڈل حاصل کیا اعلیٰ درجہ کہ بیوروکریٹ ہیں کمشنر انکم ٹیکس کی حیثیت سے فرائض انجام دیتے رہے

آج کل ڈائریکٹر کی حیثیت سے وفاقی وزارت مذہبی امور میں فرائض انجام دے رہے ہیں وزارت میں اچھی شہرت کے حامل لوگوں کو پیچھے رکھا گیا ہے اور بری شہرت کے حاملین اعلیٰ مناصب پر فائز ہیں

موصوف نے عربی گرامر کے اصول وضوابط پر بہت شاندار کتاب تصنیف کی ہے یہ جامع ومکمل کتاب ہے آسان اسلوب اور عام فہم انداز میں تحریر شدہ یہ کتاب طلباء کیلئے اور عربی سیکھنے کے خواہشمندوں کے لئے بہت مفید ہے۔